© rasailojaraid.com

ہر نزاع میں پہلے یہ دیکھا جائے کہ حق اور انصاف کا تقاضا کیا ہے۔ یہ کمیٹی آنکھیں بند کرکے نہ کسی کی حمایت کرتی ہے نہ مخالفت۔ وہ محنت کشوں کے صرف ان مطالبات کی تائید و حمایت کرتی ہے جو جائز، معقول اور منصفانہ ہوں۔

ایسے مطالبات کو منوانے کے لیے وہ سب سے پہلے متاجر سے، خواہ وہ حکومت کا کوئی محکمہ ہو، یا کوئی کمپنی اور کارخانہ، یا کوئی پرائیویٹ شخص، براہِ راست گفت و شنید کرتی ہے اور اسے سمجھا کر حق مان لینے اور انصاف دینے پر آمادہ کرنے کی کوشش کرتی ہے۔ کیونکہ لوگوں کا بطورِ خود انصاف کے لیے تیار ہو جانا اس سے بہتر ہے کہ انہیں اس پر مجبور کیا جائے۔

اس میں ناکام ہونے کے بعد یہ کمیٹی محنت کشوں کو شور و غل اور ہنگامے اور ہڑتال کا راستہ دکھانے کے بجائے قانونی تدابیر سے ان کا حق دلوانے کی کوشش کرتی ہے۔ موجودہ قوانین میں زیادہ سے زیادہ جس حد تک بھی محنت کشوں کو انصاف دلوانے کی گنجائش ہے اور اس غرض کے لیے جو مشینری بھی اس وقت پائی جاتی ہے، یہ کمیٹی اس سے فائدہ اٹھانے اور حقداروں کے حق دلوانے کی پوری کوشش کرتی ہے۔

لیکن جیسا کہ میں پہلے بیان کر چکا ہوں، جو نظام انگریزی دور میں قائم ہوا تھا وہ سرمایہ داری اور غیر ملکی استعمار کے مفاد کے لیے کام کر رہا تھا۔ اس میں قوانین کا رجحان زیادہ تر محنت کرنے والوں کے بجائے محنت لینے والوں کی تائید میں تھا، اور اس میں نظم و نسق کی پالیسی بھی عملاً یہی رجحان رکھتی تھی۔ پاکستان قائم ہونے کے بعد آنکھیں بند کر کے وہی قوانین بلا ترمیم و اصلاح برقرار رکھے گئے، اور نظم و نسق کے رجحانات میں بھی کوئی تبدیلی رونما نہیں ہوئی۔ اس لیے محنت کشوں کو انصاف دلوانے میں موجودہ قوانین کے نقائص بھی مشکلات پیدا کرتے ہیں، انصاف دلوانے کی مشینری بھی نہایت ناقص ہے، اور نظم و نسق بھی رکاوٹیں ڈالتا ہے۔ لیبر ویلفیئر کمیٹی پاکستان اس امر کی پوری کوشش کر رہی ہے کہ آئینی جدوجہد کے ذریعہ سے ان خامیوں کو رفع کرایا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

جائے۔ محنت کشوں کے جائز اور منصفانہ حقوق قانون میں ٹھیک ٹھیک متعین کرائے جائیں۔ اجیر اور مستاجر کی نزاعات کا تصفیہ کرنے کے لیے باقاعدہ عدالتیں قائم کرائی جائیں، اور موجودہ عدالتی طریقِ کار کی ایسی اصلاح کرائی جائے کہ وہ بروقت انصاف حاصل کرنے میں مانع نہ ہو۔ اس کے ساتھ نظم ونسق کی پالیسی اس حد تک بدلوائی جائے کہ وہ معاشرے کے ایک محدود طبقے کی حمایت کرنے والی، اور سوادِ اعظم کے ساتھ بے دردی و سرد مہری برتنے والی نہ ہو۔

یہ ہے وہ مختصر پروگرام جس پر یہ نئی مزدور تحریک کام کر رہی ہے۔ میں اربابِ حکومت اور سرمایہ دار گروہ سے بھی کہتا ہوں کہ اپنی آنکھوں پر سے تعصبات کی پٹی کھول کر دیکھو کہ تمہاری اپنی بھلائی آیا اس میں ہے کہ محنت کش عوام کو طبقاتی جنگ کی آگ کا ایندھن بننے دیا جائے، یا اس میں کہ ہماری اس تحریک کے ذریعہ سے پُرامن اخلاقی اور آئینی تدابیر کو اجیر و مستاجر کے اختلافات میں کام کرنے کا موقع دیا جائے؟ اسی طرح میں محنت کش لوگوں سے بھی کہتا ہوں کہ تم عقل و خرد سے کام لو۔ تمہارے اصل مددگار وہ لوگ نہیں ہیں جو تمہاری شکایات رفع کرانے کے بجائے اپنی اغراض کے لیے اُن کو بڑھانے کے خواہاں ہیں، بلکہ وہ لوگ ہیں جو فی الواقع تمہاری اِن شکایات کو رفع کرانا چاہتے ہیں۔ اس کے ساتھ میں تمام اُن لوگوں سے بھی جو اس ملک کو طبقاتی کشمکش کا میدانِ جنگ اور بالآخر اشتراکی فساد کا لقمۂ تر بنتے نہیں دیکھنا چاہتے اور یہاں اسلامی نظام کے بروئے کار آنے کی آرزو رکھتے ہیں، یہ کہتا ہوں کہ آپ پاکستان میں ہر جگہ اس نقشے پر کام کرنے والی لیبر ویلفیئر کمیٹیاں منظم کریں اور محنت کشوں کو ان کے ذریعہ سے انصاف حاصل کرنے کا راستہ دکھائیں۔

---

© rasailojaraid.com